## بہت سے انکشافات کرنا چاہتا تھا لیکن ملک مشکلات، مسائل اور بحرانوں سے گزر رہا ہے، موجودہ حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے میں نے فیصلہ کیا ہے کہ فی الحال ان انکشافات کو کچھ دنوں کیلئے مؤخر کردوں۔ الطاف حسین

## بعض عناصر آج بھی ایم کیوایم کو ختم کرنے یا کمزور کرنے کیلئے کوشاں ہیں، ایم کیوایم ختم ہونے کیلئے نہیں بنی

## پنجاب کی اہم شخصیت کی جانب سے طالبان سے پنجاب میں دھماکے نہ کرنے کی درخواست افسوسناک ہے

## جوخودکش حملوں کے خلاف ہیں انکے ساتھ بات ہوسکتی ہے لیکن جوخودکش دھماکے کرتے ہیں ان سے بات کرنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا

## اگر ذمہ داری پورے اختیار کے ساتھ ایم کیوایم کو دیدی جائے تو ہم محض ایک سال ہی میں لوڈشیڈنگ کا خاتمہ کرکے دکھادیں گے

## ایم کیوایم کے 26ویں یوم تاسیس پر سندھ، پنجاب، بلوچستان، آزادکشمیر اور گلگت بلتستان کے 30 شہروں میں اجتماعات سے خطاب

لندن۔۔۔18، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ میں یوم تاسیس کے موقع پر بہت سے انکشافات کرنا چاہتا تھا لیکن ملک مشکلات، مسائل اور بحرانوں سے گزر رہا ہے اور میں نہیں چاہتا کہ میرے انکشافات سے مزید بحران پیدا ہو لہٰذا موجودہ حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے میں نے فیصلہ کیا ہے کہ فی الحال ان انکشافات کو کچھ دنوں کیلئے مؤخر کردوں۔ انشاءاللہ مناسب وقت آنے پر میں عوام کو حقائق سے آگاہ کروں گا۔ انہوں نے کہا کہ بعض شر پسند عناصر آج بھی ایم کیوایم کو ختم کرنے یا کمزور کرنے میں کوشاں ہیں لیکن میں ان سازشی عناصر کو بتادینا چاہتا ہوں کہ سازشوں کے ذریعہ نہ تو کل ایم کیوایم کو ختم کیا جاسکا اور نہ آئندہ ختم یا کمزور کیا جاسکتا ہے۔

جناب الطاف حسین نے ان خیالات کا اظہار ایم کیوایم کے 26ویں یوم تاسیس کے سلسلے میں کراچی سمیت صوبہ سندھ، صوبہ پنجاب، صوبہ بلوچستان، آزادکشمیر اور گلگت بلتستان کے 30 مقامات پر منعقدہ اجتماعات سے بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران اور کارکنان کو ایم کیوایم کے 26ویں یوم تاسیس کی دلی مبارکباد پیش کی۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کی واحد جماعت ہے جس نے ملک کی سیاسی تاریخ میں ایک نیا فکروفلسفہ اور انقلابی نظریہ پیش کیا۔ متحدہ قومی موومنٹ ایک لبرل اور پروگریسیو جماعت ہے جو مذہبی رواداری، فرقہ وارانہ ہم آہنگی، احترام انسانیت اور جمہوریت پر یقین رکھتی ہے اور اسکے ذمہ داران اور منتخب نمائندگان اپنی ذات، اپنے خاندان اور دوست احباب کے بجائے عوام کے اجتماعی مفادات کیلئے محنت ولگن، ایمانداری اور دیانتداری سے کام کررہے ہیں۔ ایم کیوایم واحد سیاسی جماعت ہے جس نے ملک کی سیاسی تاریخ میں پہلی مرتبہ قومی وصوبائی اسمبلی، سینیٹ اور بلدیاتی ایوانوں میں غریب ومتوسط طبقہ کے پڑھے لکھے اور ایماندار افراد کو پہنچایا۔ جس طرح حق پرست عوامی نمائندوں نے عوام کی عملی خدمت کی اور اپنے اپنے شہروں میں ترقیاتی کام کئے اگر ملک بھر کے عوام متحدہ قومی موومنٹ کا ساتھ دیں اور عام انتخابات میں ایم کیوایم کے نمائندوں کو ووٹ دیکر کامیاب بنائیں اور ایم کیوایم کو اقتدار کے ایوانوں میں پہنچائیں تو ایم کیوایم، پاکستان کو دنیا کے ترقی یافتہ ممالک کی صفوں میں کھڑا کرکے دکھائے گی۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ تمام پاکستانیوں کے برابر کے حقوق تسلیم کرتی ہے اور اگر اسے ملک بھر میں اقتدار کا موقع ملا تو ایم کیوایم بلاامتیاز وتفریق پاکستان کے تمام صوبوں اور عوام کو انکے حقوق دلوائے گی۔ ایم کیوایم، پاکستان کے ایک ایک علاقے کے عوام کے ساتھ یکساں سلوک کرے گی اور انہیں عملاً برابر کا محبّ وطن پاکستانی سمجھ کران کی عملی خدمت بھی کرے گی۔ جناب الطاف حسین نے صوبہ پنجاب کی اہم شخصیت کی جانب سے طالبان سے پنجاب میں دھماکے نہ کرنے کی درخواست کے حوالہ سے بیان پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ چندروز قبل ان کی جانب سے طالبان سے درخواست کی گئی ہے کہ وہ صوبہ پنجاب میں حملے نہ کریں کیونکہ طالبان اور وہ ایک ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس بیان سے یہ تاثر ملتا ہے کہ طالبان ملک بھر میں حملے کریں لیکن پنجاب میں حملے نہ کریں، اس بیان سے نہ صرف چھوٹے صوبوں کے عوام کی دل آزاری ہوئی ہے بلکہ پنجاب کے عوام بھی اس پر شرمندہ ہیں۔ انہوں نے سوال کیا کہ کیا صوبہ سندھ، بلوچستان، صوبہ پختونخواہ، آزادکشمیر، گلگت بلتستان اور دیگر علاقے پاکستان کا حصہ نہیں ہیں؟ اور کیا کسی محبّ وطن پاکستانی کو یہ بات کہنی چاہئے؟ انہوں نے مزید کہا کہ اس قسم کے بیان سے قومی یکجہتی کو شدید نقصان پہنچ سکتا ہے، اسی لئے بزرگوں نے کہا ہے کہ پہلے تولو پھر بولو کہ کیا بات کہی جارہی ہے اور یہ بات کس کے خلاف ہوسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے عوام الحمدللہ اب باشعور ہوچکے ہیں اور انہیں زیادہ عرصہ تک بے وقوف نہیں بنایا جاسکتا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ حکومت نے صوبائی خودمختاری کے سلسلے میں آئین میں ترامیم کیلئے کمیٹی تشکیل دی ہے جس میں چاروں صوبوں سے تمام جماعتوں کے نمائندے شامل ہیں۔ اس کمیٹی میں صوبوں کو ان کے حقوق دلوانے اور صوبائی خودمختاری کے سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ کے نمائندگان نے سب سے مدلل اور مؤثر کردار ادا کیا ہے جس کا اعتراف آئینی اصلاحاتی کمیٹی میں شامل دیگر جماعتوں کے نمائندوں نے بھی کیا ہے کہ صوبوں کے حقوق کیلئے سب سے زیادہ مؤثر مقدمہ حق پرست نمائندوں نے پیش کیا جس پر میں ایم کیوایم کے نمائندے ڈاکٹر فاروق ستار اور حیدرعباس رضوی کو خصوصی خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ آج یوم تاسیس کے موقع پر میں

بہت سے انکشافات کرنا چاہتا تھالیکن ملک مشکلات، مسائل اور بحرانوں سے گزر رہا ہے اور میں نہیں چاہتا کہ ملک کی نازک صورتحال میں ایک جانب مسلح افواج، رینجرز، پولیس اور قانون نافذ کرنے والے دیگر اداروں کے اہلکار دہشت گردوں کے خلاف نبرد آزما ہیں اور میرے انکشافات سے مزید بحران پیدا ہو لہٰذا موجودہ حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے میں نے فیصلہ کیا ہے کہ فی الحال ان انکشافات کو کچھ دنوں کیلئے مؤخر کردوں۔ انشاء اللہ مناسب وقت آنے پر میں انکشافات کا اعلان کرکے عوام کو حقائق سے آگاہ کروں گا۔ فی الحال اتنا ہی کہونگا کہ ''پردے میں رہنے دو، پردہ نہ اٹھاؤ۔ پردہ جو اٹھ گیا تو بھید کھل جائے گا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ بعض شر پسند عناصر آج بھی ایم کیوایم کو ختم کرنے یا کمزور کرنے میں کوشاں ہیں لیکن میں ان سازشی عناصر کو بتادینا چاہتا ہوں کہ سازشوں کے ذریعہ نہ تو کل ایم کیوایم کو ختم کیا جاسکا اور نہ آئندہ ختم یا کمزور کیا جاسکتا ہے کیونکہ متحدہ قومی موومنٹ کے ساتھی دودھ پینے والے نہیں بلکہ جان دینے والے مجنوں ہیں۔ متحدہ قومی موومنٹ، ختم ہونے کیلئے نہیں بنی بلکہ ملک اور ملک کے 98 فیصد غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کی بہتر سے بہتر خدمت کرنے کیلئے بنی ہے اور آگے ہی آگے بڑھ رہی ہے۔ ماضی میں ایم کیوایم کو سازشوں اور ریاستی طاقت سے کچلنے کی کوشش کی گئی، ایم کیوایم کے ہزاروں کارکنان کو شہید کردیا گیا، ایم کیوایم کے کارکنان کے گھروں کو لوٹ کر نذر آتش کردیا گیا، ہزاروں خاندانوں کو ان کے گھروں سے بیدخل کیا گیا اور درجنوں کارکنان کو گرفتار کرکے لاپتہ کردیا گیا۔ ان تمام سفاکانہ مظالم کے باوجود الحمدللہ ایم کیوایم نہ صرف قائم ودائم ہے بلکہ پہلے سے زیادہ مضبوط اور مقبول جماعت بن کر ابھر رہی ہے اور اب ایم کیوایم کا حق پرستانہ نظریہ آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کی وادیوں سمیت ملک بھر کے دور دراز علاقوں میں بھی تیزی سے پھیل رہا ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ گزشتہ چار سالہ دور میں سابقہ حق پرست بلدیاتی نمائندوں نے دن رات محنت کرکے اپنے اپنے شہروں اور علاقوں میں جتنے ترقیاتی کام کئے ہیں اس کی مثال پاکستان کی 63 سالہ تاریخ میں نظر نہیں آتی جس پر سابقہ سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال، نائب سٹی ناظمہ محترمہ نسرین جلیل، ٹاؤن ناظمین، نائب ناظمین، حیدرآباد کے ڈسٹرکٹ ناظم کنور نوید، نائب ڈسٹرکٹ ناظم ظفر راجپوت، حیدرآباد سمیت سندھ بھر میں حق پرست تعلقہ ناظمین، نائب تعلقہ ناظمین، تمام حق پرست یوسی ناظمین، نائب یوسی ناظمین اور کونسلرز زبردست خراج تحسین، پیار اور شاباش کے مستحق ہیں۔ جناب الطاف حسین نے پاکستان کی تاریخ میں طویل مدت تک گورنر کے عہدے پر فائز رہنے والے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد کو بھی دن رات کام کرنے اور عوام کی خدمت کرنے پر زبردست خراج تحسین اور اپنا پیار پیش کیا۔ انہوں نے ملک بھر میں ایم کیوایم کے یوم تاسیس کے اجتماعات میں شرکت کرنے پر پاکستان میں بسنے والی مذہبی اقلیتوں کے نمائندوں کو بھی اپنا پیار اور خراج تحسین پیش کیا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ طالبان میں ان کو بھی شامل کیا گیا ہے جو چاہتے ہیں کہ ان کے نظریہ کے مطابق ملک میں آئین وقانون، پارلیمنٹ اور نظام کو قرآن وسنت کے بتائے ہوئے اصولوں کے مطابق بنایا جائے، مگر وہ خودکش حملوں، بم دھماکوں اور فوجیوں، سیکوریٹی فورسز کے اہلکاروں اور عام شہریوں کو ہلاک کرنے کے خلاف ہیں اور اپنے نظریہ کا پرچار کرنا چاہتے ہیں انکے ساتھ تو بات چیت ہوسکتی ہے لیکن جو لوگ خودکش دھماکے کرتے ہیں، فوجیوں، پولیس کے اہلکاروں اور معصوم خواتین، بچوں، بزرگوں اور عام شہریوں کو ہلاک کرتے ہیں، اسکولوں کو آگ لگاتے ہیں، خواتین اور بچیوں کو گھروں میں قید کرتے ہیں ایسے لوگ مسلمان تو کجا انسان کہلانے کے مستحق نہیں ہیں اور ان سے بات کرنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کرپٹ فرسودہ جاگیردارانہ نظام اور ملک کو لوٹنے والوں کے کل بھی خلاف تھی اور آج بھی وہ ملک سے کرپشن اور موروثی نظام کا خاتمہ کرکے ایماندار اور دیانتدار لوگوں کے ہاتھوں میں ملک کا اقتدار دینا چاہتی ہے خواہ وہ غریب ہوں، مڈل کلاس سے تعلق رکھتے ہوں یا ان کا تعلق امیر طبقہ سے ہو۔ انہوں نے پاکستان کے عوام کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ سابق سٹی ناظم کراچی مصطفےٰ کمال نے شبانہ روز محنت کرکے جو کمال کیا ایسے لاکھوں مصطفےٰ کمال ایم کیوایم کے پاس ہیں، اگر ہمیں ملک بھر میں خدمت کرنے کا موقع دیا جائے تو ہم ملک کی تقدیر بدل کر رکھ دیں گے اور ملک کو ترقی یافتہ ممالک کی صف میں لاکر کھڑا کردینگے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم ایک اصول پرست حق پرست جماعت ہے، اس نے این ایف سی ایوارڈ اور صوبوں کے حقوق کیلئے آواز بلند کی اور اصولوں کیلئے ڈٹی رہی، 20 برسوں سے این ایف سی ایوارڈ کا مسئلہ حل نہیں ہوسکا تھا لیکن یہ امر انتہائی خوش آئند ہے کہ 20 برس بعد این ایف سی ایوارڈ پر دستخط ہوگئے ہیں جس پر میں حکومت اور چاروں صوبوں کے عوام کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے ارباب اقتدار سے اپیل کی کہ وہ یورپی یونین سے سبق حاصل کریں اور بھارت سمیت تمام پڑوسی ممالک سے بہتر تعلقات قائم کریں، پاکستان اور بھارت کے درمیان دوستانہ تعلقات ہی دونوں ملکوں اور خطے کے امن کے ضامن ہیں۔ اپنے خطاب میں عوام کو درپیش مسائل کا ذکر کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ لوڈشیڈنگ کی وجہ سے آج ملک کا بچہ بچہ پریشان ہے، حکومت کو لوڈشیڈنگ کے خاتمہ اور ہوشربا مہنگائی کو ختم کرنے کیلئے اقدامات کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ میں پورے اعتماد سے کہتا ہوں کہ اگر ملک سے لوڈشیڈنگ کے خاتمہ کی ذمہ داری پورے اختیار کے ساتھ ایم کیوایم کو دیدی جائے تو ہم چھ مہینے میں لوڈشیڈنگ کو آدھا کردینگے اور محض ایک سال ہی میں لوڈشیڈنگ کا خاتمہ کرکے دکھادیں گے۔ ہم اس سلسلے میں جدید طریقے اختیار کریں گے، بجلی چوروں کو پکڑیں گے خواہ وہ غریب ہوں یا امیر، خواہ وہ حکومت ہی میں کیوں نہ شامل ہوں۔ مہنگائی کے خاتمہ کیلئے ایم کیوایم کے پاس نہ صرف اعداد وشمار جمع کرنے کا ادارہ ہے بلکہ ٹیکنوکریٹس پر مشتمل سیل بھی موجود ہے جو مؤثر پالیسیاں ترتیب دیکر عوام کو مہنگائی سے نجات دلائے گا۔ ملک کو معاشی بحران سے نجات دلانے کیلئے سخت اقدامات کئے جائیں گے، اربوں کھربوں کے قرضے لیکر معاف کرانے والے والوں کی جائیدادیں سرکاری تحویل میں لیکر نیلام کی جائیں گی اور اس سے حاصل ہونے والا پیسہ سرکاری خزانہ میں ڈالا جائے گا،

زراعت کی ترقی کیلئے چھوٹے کسانوں کوآسان شرائط پر قرضے دیئے جائیں گے تاکہ زرعی پیداوار میں اضافہ ہو، پیداوار میں اضافہ ہوگا تو چیزیں سستی ہوں گی اور ہم انہیں بیرون ملک بھیج کر زرمبادلہ بھی کماسکیں گے، ہم قرضے ہڑپ کرنے والوں سے پیسہ واپس لیکر چھوٹی صنعتیں لگانے والوں کو قرضے دینگے اور بند صنعتیں کھلوائیں گے۔ جناب الطاف حسین نے حکمرانوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ میڈیا پر کئی دنوں سے یہ مباحثہ زوروشور سے جاری ہے کہ ملک کی بہتری کیلئے جمہوریت بہتر ہے یا ڈکٹیٹرشپ بہتر ہے۔اسکے ثبوت کیلئے میڈیا پر بڑھتے ہوئے جرائم، غربت ومہنگائی اور معاشی صورتحال کے اعدادوشمار بھی پیش کئے جارہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ حکومت کو چاہیے کہ وہ اس صورتحال کی روشنی میں اپنی حلیف جماعتوں کے ساتھ سرجوڑ کر بیٹھے اور ایسے مثبت اقدامات کرے کہ جس سے دوسروں کو ایسے مباحثے کرانے کا جواز نہ مل سکے اور جمہوریت پروان چڑھے۔ جناب الطاف حسین نے کارکنوں کو خاص طور پر مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ تحریک کا کام بہت آگے بڑھ رہا ہے، کچھ باتیں ایسی ہوتی ہیں کہ ساتھیوں کو ان کی تفصیل میں نہیں جانا چاہیے بلکہ تحریک کے کام کو آگے بڑھانے کیلئے مستقل مزاجی سے کام کرتے رہنا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ بسااوقات تحریکی ذمہ داریوں کی وجہ سے میری مصروفیات بہت بڑھ جاتی ہیں اور بعض مواقع پر میں خطاب نہیں کرپاتا تو بعض لوگ اس پر باتیں بنانا شروع کردیتے ہیں جومناسب نہیں۔انہوں نے کارکنوں سے کہا کہ آپ کا قائد کوئی کام چھپ کر نہیں کرتا اور جوکرتا ہے کھل کر اور ڈٹ کر کرتا ہے۔ جناب الطاف حسین نے فرض شناسی ، ایمانداری اور دیانتداری سے کام کرنے پر ایم کیوایم کے یونٹوں ، سیکٹروں، زونوں، ونگز اور شعبہ جات کے کارکنوں، ذمہ داروں اور اراکین رابطہ کمیٹی کو اپنا بہت پیار اور خراج تحسین پیش کیا۔انہوں نے کارکنوں سے کہا کہ وہ بلدیاتی انتخابات کی تیاریوں کے سلسلے میں علاقائی سطح پر الیکشن سیل قائم کریں۔انہوں نے پنجاب کے عوام، طلبہ وطالبات اور تمام کارکنوں اور ذمہ داروں سے کہا کہ وہ پنجاب میں کنونشن کیلئے تیاریاں شروع کردیں۔انہوں نے صوبہ پختونخواہ کے عوام سے کہا کہ وہ خاموشی سے اپنے اپنے شہروں میں تنظیمی کام کرتے رہیں حالات بہتر ہونے پر وہاں بھی کھل کر کام کیا جائے گا۔انشاءاللہ وقت آنے پر پنجاب کے بعد بلوچستان اور پختونخواہ میں بھی کنونشن منعقد کیا جائے گا۔انہوں نے نامساعد حالات کے باوجود تحریک کیلئے کام کرنے پر پنجاب، بلوچستان، پختونخواہ، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر کے کارکنان کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔انہوں نے حق اور سچ لکھنے والے کالم نگاروں اور حق بیان کرنے والے علمائے کرام اور ذاکرین کو بھی خصوصی خراج تحسین پیش کیا۔ جناب الطاف حسین نے برطانیہ میں تیزی سے رکنیت سازی مہم چلانے پر ایم کیوایم یوکے کے تمام ذمہ داروں اور کارکنوں کو خراج تحسین پیش کیا۔

## دنیا سمجھتی ہے کہ اگر پاکستان کا مستقبل درخشاں ہوسکتا ہے تو وہ صرف جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ پر عمل کرکے ہی ہوسکتا ہے، مصطفیٰ کمال

## ایم کیوایم نے ثابت کردیا ہے کہ مصطفیٰ کمال کی شکل میں غریب کا بچہ بھی اعلیٰ صلاحیتوں کا مظاہرہ کرسکتا ہے، اشفاق منگی

## ایم کیوایم پورے پاکستانیوں کی جماعت ہے، افتخار اکبر رندھاوا

## ایم کیوایم کے 26ویں یوم تاسیس پر لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں منعقدہ بڑے اجتماع سے خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ ایک شخص کے وژن اور چندلوگوں کی تحریک نے ہمیں اس جگہ پر لاکھڑا کیا ہے جس کے لئے ہمارے قائد الطاف حسین نے 18 سال جلاوطنی میں گزار دیئے، ملک میں رہے تو جیلوں میں رہے اور اپنے ساتھیوں کی لاشیں اٹھاتے رہے جس کے بعد ہمیں یہ دن دیکھنا نصیب ہوا ہے ایک طویل سوچ بچار کے بعد اب ساری دنیا سمجھتی ہے کہ اگر پاکستان کا مستقبل درخشاں ہوسکتا ہے تو وہ صرف جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ پر عمل کرکے ہی ہوسکتا ہے اور غریب اور مظلوم عوام کی حکمرانی قائم کرکے ہی پاکستان کے مسائل حل کئے جاسکتے ہیں۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کی شب لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں ایم کیوایم کے 26ویں یوم تاسیس کے موقع پر منعقدہ ایک بڑے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہی اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے دیگر ارکان اشفاق منگی اور افتخار اکبر رندھاوا، پختون پنجابی آرگنائزیشن کمیٹی انچارج گلفراز خان اور کراچی مضافاتی وآرگنائزیشن کمیٹی کے جوائنٹ انچارج اسلم بلوچ نے بھی خطاب کیا۔اس موقع پر اسٹیج پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز ڈاکٹر فاروق ستار، انیس قائم خانی کے علاوہ دیگر ارکان رابطہ کمیٹی شعیب بخاری، کنور خالد یونس، طارق میر، کنور نوید جمیل، محترمہ نسرین جلیل، ڈاکٹر علی حسین اور آنسہ ممتاز انوار بھی موجود تھیں۔انہوں نے کہا کہ آج ہم جس جگہ پر کھڑے ہیں ہمیں یہاں تک پہنچنے میں پندرہ ہزار کارکنوں کی قربانیاں بھی شامل ہے اس دن کے لئے الطاف حسین کو اپنے کارکنوں کی قربت، اپنے شہر اور اپنے وطن کو بھی چھوڑنا پڑا، اس ملک کے جاگیردار اور وڈیرے بچے پیدا ہی اس لئے کرتے ہیں کہ انہیں غریبوں سے ووٹ لینا ہوتا ہے اور اس ملک کا غریب اور متوسط طبقہ کا بچہ پیدا ہی اس لئے ہوتا ہے کہ اسے جاگیرادروں اور وڈیروں کو ووٹ دینا ہوتا ہے۔اشفاق منگی نے اپنی تقریر کا آغاز ایک سندھی شعر سے کیا اور کہا کہ میں الطاف حسین سمیت ایم کیوایم کے ایک ایک ارکن کو ایم کیوایم کے یوم تاسیس پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔انہوں نے کہا کہ 1978 کو یاد رکھنا چاہئے جب الطاف حسین نے اے پی ایم

ایس اور کے پلیٹ فارم سے ایک سچے اور حق پرستی کا نظریہ پیش کیا جو آج ملک کے گوشے گوشے میں پھیل چکا ہے۔انہوں نے کہا کہ الطاف حسین کا چیپٹر کلوز کرنے والوں کا خود اپنا چیپٹر کلوز ہو گیا ہے۔ایم کیو ایم نے ثابت کر کے دکھا دیا کہ صرف امیروں کے نہیں بلکہ غریبوں کے بچے بھی کسی قابل ہو سکتے ہیں اس کی مثال مصطفی کمال ہیں جس نے ثابت کر کے دکھا دیا ہے کہ غریب کا بچہ بھی اپنی صلاحیتوں کا بھرپور مظاہرہ کر سکتا ہے۔افتخار اکبر رندھاوا نے کہا کہ آج کا دن ہمارے لئے انتہائی خوشی کا دن ہے لیکن یہ دن ہمیں آسانی سے حاصل نہیں ہوا بلکہ ایم کیو ایم نے اس کے لئے آگ وخون کے دریا پار کئے ہیں اور اپنے 15 ہزار کارکنوں کی قربانیاں دی ہیں یہ قربانیاں محض اقتدار کے حصول کے لئے نہیں بلکہ ایم کیو ایم کی جدوجہد پورے ملک کے محکوم ومظلوم طبقے کے حقوق حصول کے لئے ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم صرف مہاجروں کی جماعت نہیں ہے بلکہ پورے پاکستانیوں کی ہے جو اس ملک کو بچانا چاہتے ہیں،ایم کیو ایم اس وقت ملک کے گوشے گوشے میں موجود ہے پاکستان بھر کے عوام کو چاہئے کہ وہ الطاف حسین کی قیادت میں متحد ومنظم ہو کر استحکام پاکستان اور پاکستان کو بچانے کی جدوجہد کریں۔ گلفراز خان نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کی سیاسی وسماجی جدوجہد صرف مہاجروں کے لئے پورے پاکستان کے عوام کے لئے ہے ہمیں یقین کامل ہے کہ الطاف حسین کی قیادت میں ہزاروں سازشوں کے باوجود پشتون عوام سمیت پورے ملک کے عوام جلد اپنی منزل مقصود تک پہنچیں گے اور ملک کے مظلوم ومحکوم عوام کی عزت نفس ایک دن ضرور بحال ہوگی۔اسلم بلوچ نے بلوچی زبان میں خطاب کرتے ہوئے چیلنج کیا اور کہا کہ صرف الطاف حسین ملک میں انقلاب لا سکتا ہے الطاف حسین کا نظریہ اور فلسفہ پاکستان کی مظلوم اور محکوم عوام کی اشد ضرورت ہے اور الطاف حسین رات دن پاکستان کے غریب اور مظلوم عوام کے مسائل کے حل کیلئے فکر مند رہتے ہیں۔

## ایم کیو ایم کی 26 ویں یوم تاسیس کے موقع پر پاکستان میں 30 مقامات سمیت دنیا کے دیگر ممالک میں اجتماعات کا انعقاد،الطاف حسین کا بیک وقت خطاب

کراچی۔۔۔18،مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کا 26 یوم تاسیس جمعرات کو پاکستان،ساؤتھ افریقہ،امریکہ،کینڈا اور متحدہ عرب امارات سمیت دنیا کے مختلف ممالک میں انتہائی جوش وخروش کے ساتھ منایا گیا جبکہ ملک بھر میں کراچی اور چاروں صوبائی دارالحکومتوں اور پاکستان کے 30 سے زائد شہروں میں اجتماعات منعقد کیے گئے جن میں کراچی سمیت صوبہ سندھ کے 20،صوبہ پنجاب کے چار،بلوچستان کے ایک،گلگت بلتستان کے دو اور آزاد کشمیر کے دو شہروں میں کارکنوں کے اجتماعات منعقد ہوئے جس میں مجموعی طور پر لاکھوں عوام نے شرکت کی جن سے ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین نے لندن سے بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کیا جس میں انہوں نے اہم انکشافات کیے۔اس سلسلے میں مرکزی اجتماع کراچی کے لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں منعقد ہوا۔کراچی کے مرکزی اجتماع میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز ڈاکٹر فاروق ستار،انیس قائم خانی سمیت دیگر اراکین رابطہ کمیٹی،حق پرست سینیٹرز،وفاقی وصوبائی وزراء،اراکین قومی وصوبائی اسمبلی،سابقہ بلدیاتی نمائندے اور ایم کیو ایم کے مختلف ونگز وشعبہ جات کے ارکان،کارکنان وہمدرد عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔لال قلعہ گراؤنڈ میں ایم کیو ایم کے 26 ویں یوم تاسیس کے اجتماع سے ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کے تاریخی خطاب کے سلسلے میں ایم کیو ایم کی جانب سے زبردست انتظامات کیے گئے تھے اس سلسلے میں لال قلعہ گراؤنڈ کے وسیع میدان کو پنڈال کا درجہ دیکر اس میں فرشی نشستوں کا اہتمام کیا گیا جبکہ سامنے کی جانب بڑا اسٹیج تیار کیا گیا جس کے عقب میں 15X20 کی سادہ پرکشش اسکرین لگائی گئی تھی جس پر جلی حروف میں ''متحدہ قومی موومنٹ کا 26 واں یوم تاسیس مبارک،قائد تحریک الطاف حسین کا اہم خطاب'' تحریر تھا۔پنڈال کو رنگ برنگی برقی قمقموں،لائٹس،ایم کیو ایم کے پرچموں اور تہنیتی پیغام اور انقلابی اشعار پر مبنی بینرز سے خوبصورتی سے سجایا گیا تھا جبکہ لال قلعہ گراؤنڈ کے اطراف کی بلند عمارتوں کو ایم کیو ایم کے مختلف ونگز اور سیکٹر یونٹوں کی جانب سے تہنیتی پیغامات پر مبنی بینرز سے ڈھاپ دیا گیا تھا۔یوم تاسیس کے اجتماع سے قائد تحریک الطاف حسین کے خطاب کے سلسلے میں کارکنان میں جوش وخروش دیکھنے میں آیا اور کارکنان وعوام مختلف ریلیوں کی شکل میں شہر کا گشت لگاتے رہے اور سہ پہر سے ہی جلسہ گاہ پہنچتے نظر آئے جنھوں نے ہاتھوں میں ایم کیو ایم کے پرچم اور قائد تحریک الطاف حسین کی تصاویر اٹھا رکھیں تھیں،کارکنان کی ریلیوں کے استقبال کیلئے لال قلعہ پہنچنے والے تمام راستوں پر استقبالیہ کیمپس قائم کیے گئے تھے جہاں ایم کیو ایم کے ترانوں کا سلسلہ زور وشور سے جاری رہا جبکہ شاہراہوں اور راستوں کو برقی قمقموں،      ایم کیو ایم کے پرچم

اور قائد تحریک الطاف حسین تصاویر سے سجایا گیا، پنڈال کے اطراف سیکورٹی کے زبردست انتظامات کیے گئے تھے جہاں مختلف مقامات اور پنڈال کے داخلی دروازوں پر اسکینر مشینیں لگا کر شرکاء کو چیک کیا جا رہا تھا۔ یوم تاسیس کے مرکزی اجتماع سے قائد تحریک الطاف حسین کے خصوصی ٹیلی فونک خطاب کو سننے کیلئے عوام و کارکنان کی بہت بڑی تعداد لال قلعہ گراؤنڈ پہنچی تھی جس کے باعث لال قلعہ گراؤنڈ کا وسیع و عریض گراؤنڈ کھچا کھچ بھر گیا اور عوام و کارکنان کی بڑی تعداد نے اطراف کی گلیوں میں کھڑے ہو کر خطاب کی کارروائی سماعت کی جس کیلئے جگہ جگہ لاؤڈ اسپیکر نصیب کیے گئے تھے۔ یوم تاسیس کے اجتماع کا آغا مقررہ وقت کے مطابق تلاوت قرآن پاک سے ہوا مولانا فیروز الدین رحمانی نے قرآن پاک کی تلاوت کی اور ترجمہ پیش کیا، ٹھیک 8 بجکر 30 منٹ پر اسٹیج سے قائد تحریک الطاف حسین کی ٹیلی فون پر آمد کا اعلان ہوا اور ایم کیو ایم کا ترانہ ''مظلوموں کا ساتھی ہے......الطاف حسین'' بجایا گیا اس موقع پر پنڈال اور پنڈال کے باہر موجود لاکھوں شرکاء نے اپنی نشستوں سے کھڑے ہو کر قائد تحریک الطاف حسین کا والہانہ انداز میں استقبال کیا اور فلک شگاف نعرے لگائے جس کے باعث عزیز آباد کی فضاء گونج اٹھی جبکہ ایم کیو ایم کی جانب سے کارکنان پر گل پاشی کی گئی اور مختلف اقسام کے پرندے فضاء میں آزاد کیے گئے۔ اپنے خطاب کا آغاز جناب الطاف حسین نے تلاوت قرآن پاک سے کیا اور ملک بھر میں ایم کیو ایم کے تمام کارکنان وحق پرست عوام کو والہانہ انداز میں دل کی گہرائیوں سے ایم کیو ایم کے 26 ویں یوم تاسیس کی زبردست زبردست زبردست مبارکباد پیش کی

## الطاف حسین کی تمام ذمہ داران، کارکنان اور حق پرست عوام کو ایم کیو ایم کے 26 ویں یوم تاسیس کی مبارکباد
## صوبائی خودمختاری پر آئینی کردار ادا کرنے پر فاروق ستار اور حیدر عباس رضوی کو خراج تحسین
## گورنر سندھ اور سابقہ حق پرست بلدیاتی نمائندوں کو بھی خراج تحسین اور پیار

کراچی (اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم کے 26 ویں یوم تاسیس کی ایم کیو ایم کے تمام ذمہ داران، کارکنان اور حق پرست عوام کو زبردست مبارکباد پیش کی ہے۔ یہ مبارکباد انہوں نے جمعرات کی شب لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں یوم تاسیس کے موقع پر ہونے والے ایک بڑے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے دی۔ واضح رہے کہ جناب الطاف حسین کا یہ خطاب دنیا کے 30 مقامات پر بیک وقت سنا گیا جسے لاکھوں عوام نے سماعت کیا۔ ساتھ ہی جناب الطاف حسین نے صوبائی خودمختاری کے حوالے سے اپنا آئینی کردار ادا کرنے پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستار اور قومی اسمبلی میں حق پرست پارلیمانی گروپ کے ڈپٹی لیڈر حیدر عباس رضوی کو بھی خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے طویل المدت حق پرست گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان، کراچی کے سابق حق پرست ناظم اعلیٰ مصطفیٰ کمال، نائب ناظمہ نسرین جلیل اور حیدر آباد کے ضلعی ناظم کنور نوید جمیل سمیت تمام ٹاؤن ناظمین و نائب ناظمین، تعلقہ ناظمین اور نائب تعلقہ ناظمین، یوسی ناظمین اور نائب یوسی ناظمین اور کونسلروں سمیت تمام حق پرست بلدیاتی نمائندوں کو بھی شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر اپنے دل کی گہرائیوں سے زبردست خراج تحسین اور پیار پیش کیا۔

## الطاف حسین کا وزیر اعلیٰ پنجاب شہباز شریف کے بیان پر منظوم طنز و مذمت

کراچی (اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم کے 26 ویں یوم تاسیس کے اجتماعات میں پنجاب کی ایک اعلیٰ ترین شخصیت کے اس بیان پر سخت تنقید کی ہے جس میں انہوں نے کہا ہے کہ ''پنجاب اور وہ ایک ہیں اور طالبان اب پنجاب پر حملے نہ کریں''۔ جناب الطاف حسین نے اپنے خطاب میں مولانا حسرت موہانی کی ایک غزل کی زمین میں چند تنقیدی اور طنزیہ اشعار بھی پڑھے کہ

چھپ چھپ کے رات دن ملنا یاد ہے
وہ تیرا برقعہ میں آنا اب بھی مجھ کو یاد ہے
نا کرو تم دھماکے صوبہ پنجاب میں
اور تم دھماکے جہاں چاہو وہاں کرو

ہم کل بھی ایک تھے آج بھی ایک ہیں
نہ کرو پنجاب میں دھما کے یہ میری درخواست ہے
ایک دوسرے موقع پر جناب الطاف حسین نے کہا کہ
کس نے دیئے ہیں تمہیں یہ جملے
کہاں سے آئے ہیں یہ جملے
کیوں بولے ہیں تم نے یہ جملے

ایک اور موقع پر انہوں نے کہا کہ ''پردے میں رہنے دو پردہ نہ اٹھاؤ پردہ جو اٹھ گیا تو بھید کھل جائے گا ،انہوں نے کہا کہ میں ابھی انکشافات مئوخر کرتا ہوں اگر میں نے ابھی انکشافات کئے تو دل ہل جائے گا۔اپنے خطاب کے دوران ایک موقع پر انہوں نے ہندوستان کے مشہور شاعر مجروح سلطان پوری کا شعر پڑھا کہ

میں اکیلا ہی چلا تھا جانب منزل مگر
لوگ آتے گئے اور کارواں بنتا گیا

## لوڈشیڈنگ کے خاتمے کی ذمہ داری ایم کیوایم کو دے دی جائے تو یہ مسئلہ حل کر کے دکھادے گی،الطاف حسین

کراچی (اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ اگر ملک میں لوڈشیڈنگ کے خاتمے کی ذمہ داری ایم کیوایم کو دے دی جائے تو ہم پہلے 6 ماہ میں آدھا مسئلہ حل کردیں گے اور ایک سال میں پورے ملک سے لوڈشیڈنگ کا خاتمہ کر کے دکھادیں گے۔یہ بات انہوں نے جمعرات کے روز ایم کیوایم کے 26 ویں یوم تاسیس کے موقع پر منعقدہ اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔

## ایم کیوایم کے 26 ویں یوم تاسیس پر پوسٹر،کلینڈراورسی ڈی کا اجراء کردیا گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کی تنظیمی کمیٹی کی جانب سے ایک دیدہ زیب مجلّہ اور پوسٹر کا اجراء کردیا گیا ہے۔اس کا اجراء جمعرات کے روز لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں ایم کیوایم کے 26 ویں یوم تاسیس کے موقع پر منعقدہ بڑے اجتماع میں کیا گیا اس موقع پر تنظیمی کمیٹی کے انچارج حماد صدیقی نے رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز ڈاکٹر فاروق ستار،انیس قائم خانی اور دیگرارکان رابطہ کمیٹی کو یہ مجلّہ پیش کیا۔مزید براں آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے چیئرمین وحیدالزماں نے پوسٹر،ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج عمر قریشی نے الطاف حسین کی تصاویر سے مزین کلینڈر برائے 2010ءاور ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزیشن کمیٹی کے انچارج گل گلفراز نے بھی ایک سی ڈی ارکان رابطہ کمیٹی کو پیش کی جس میں پشتون اور اردوزبان میں ایم کیوایم کے حوالے سے نغمے موجود ہیں اس موقع پر اجتماع میں یہ سی ڈی سنائی گئی جس پر شرکاء نے اپنے زبردست جوش وخروش کا مظاہرہ کیا۔

## الطاف حسین کا اخبارات اور الیکٹرانک میڈیا سے اظہار تشکر

کراچی (اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے 26 ویں یوم تاسیس کے موقع پر ایم کیوایم کے حوالے سے مضامین کی اشاعت اور خصوصی رپورٹ نشر کرنے کا خصوصی اہتمام کرنے والے اخبارات اور الیکٹرانک میڈیا کے اداروں کا شکریہ ادا کیا ہے۔یہ شکریہ انہوں نے جمعرات کی شب ایم کیوایم کے 26 ویں یوم تاسیس کے موقع پر منعقدہ اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے ادا کیا۔جناب الطاف حسین نے تمام ایسے صحافیوں اور کالم نگاروں اور رپورٹرز اور ٹی وی اینکرز پرسن کو بھی خراج تحسین پیش کیا جو ان حالات میں بھی سچ لکھ رہے اور حق بیان کررہے ہیں۔انہوں نے تمام ذاکرین اور علماءکرام کو بھی خراج تحسین پیش کیا جو اس خوفناک حالات میں بھی سچ کو سچ اور جھوٹ کو جھوٹ کہہ رہے ہیں۔

## ایم کیوایم کے 26ویں یوم تاسیس پرتحریک کے کارکنوں اور ملک بھر کے تمام حق پرست عوام کو الطاف حسین کی مبارکباد
## کارکنان اپنے اتحاد کو مضبوط سے مضبوط تر بنائیں اور تحریک کے مشن ومقصد کی کامیابی کیلئے کوشاں رہیں
## حق پرستی کا یہ قافلہ روز بروز اپنی منزل کی جانب بڑھ رہا ہے۔ایم کیوایم کے 26ویں یوم تاسیس پر پیغام

لندن۔۔۔18مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے کارکنوں اور ملک بھر کے تمام حق پرست عوام کو ایم کیوایم کے 26ویں یوم تاسیس کی مبارکباد پیش کی ہے اور کارکنوں سے کہا ہے کہ وہ اپنے اتحاد کو مضبوط سے مضبوط تر بنائیں اور تحریک کے مشن ومقصد کی کامیابی کیلئے کوشاں رہیں۔ایم کیوایم کے 26ویں یوم تاسیس پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ 26 سالہ تحریکی جدوجہد کے دوران ایم کیوایم نے کئی بارآگ اور خون کے دریا عبور کئے،تحریک کے ہزاروں ساتھی مشن ومقصد پر قربان ہوگئے،خداتعالیٰ کاشکر ہے کہ ہمارے شہیدوں کا خون رنگ لارہا ہے اور شہیدوں کی بے مثال قربانیوں کی بدولت ایم کیوایم کا حق پرستانہ پیغام ملک کے ایک ایک شہر اور قصبہ میں پہنچ چکا ہے اور حق پرستی کا یہ قافلہ روز بروز اپنی منزل کی جانب بڑھ رہا ہے۔جناب الطاف حسین نے تحریک کے ایک ایک کارکن،ایک ایک ماں،ایک ایک بہن،ایک ایک بزرگ اور قوم کے ایک فرد کو دل کی گہرائیوں سے ایم کیوایم کے 26ویں یوم تاسیس کی مبارکباد پیش کی اور ان سے کہا کہ وہ اپنے اتحاد کو مضبوط سے مضبوط تر بنائیں اور حالات کے نشیب وفراز کی پرواہ کئے بغیر تحریک کے مشن ومقصد کی کامیابی کیلئے کوشاں رہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ہمارے شہیدوں کی قربانیوں کو قبول فرمائے،انکے درجات بلند فرمائے،ہمیں ثابت قدمی ومستقل مزاجی سے جدوجہد جاری رکھنے کی توفیق دے اور شہیدوں کے لہو کے صدقے ہماری تحریک کو کامیابی سے ہمکنار فرمائے۔آمین

## انسانی اعضاء کی پیوندکاری کے بل کی منظوری پر الطاف حسین کا ڈاکٹر ندیم احسان اور قائمہ کمیٹی کو مبارکباد
## ملک میں انسانی اعضاء کی غیر قانونی خرید وفروخت پر قابو پایا جائے گا

لندن۔۔۔18،مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے انسانی اعضاء کی پیوندکاری بل کی منظوری کا خیر مقدم کیا ہے اور کہا ہے کہ پیوندکاری بل کی قانونی شکل کی منظوری سے انسانی اعضاء کی غیر قانونی خرید وفروخت پر قابو پایا جاسکے گا۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ انسانی اعضاء کی پیوندکاری کا مسئلہ خالصتاً انسانی مسئلہ ہے جس سے معذوری اور بیماری کے شکار عوام کو براہ راست فائدہ پہنچے گا۔جناب الطاف حسین نے بل کی منظوری کیلئے ایم کیوایم کے رکن قومی اسمبلی اور قائمہ کمیٹی کے چیئرمین ڈاکٹر ندیم احسان کی کوششوں کو سراہا اور انہوں نے صدر مملکت آصف علی زرداری،وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی،ڈاکٹر ادیب رضوی کو بل کی منظوری کی دلی مبارکباد دی۔

☆☆☆☆☆